تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے، جس کے اخلاق سب سے اچھے ہیں“

عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نہ تو فحش گو تھے اور نہ بے تکلف بد زبانی کرنے والے تھے آپ فرمایا کرتے تھے : ”تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے، جس کے اخلاق سب سے اچھے ہیں“

[صحیح] [متفق علیه]

برا کام یا بری بات کرنا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے اخلاق کا حصہ نہیں تھا ایسا آپ نہ بالقصد کرتے تھے اور نہ جان بوجھ کر آپ بڑے ہی اخلاق مند تھے آپ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ کے نزدیک تمہارے بیچ افضل شخص وہ ہے، جو اخلاقی اعتبار سے سب سے اچھا ہو یعنی دوسروں کے ساتھ بھلا کرتا ہو، ہنس کر ملتا ہو، کسی کو اذیت نہ پہنچا تا ہو، کوئی اذیت دے تو برداشت کر لیتا ہو اور لوگوں سے گھل مل کر رہتا ہو

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5803